شعری اصناف: تعارف اور تفہیم (Poetic Genres: Introduction & Understanding)

BSU102 Credit Hours 03

تعارف:

بر صغیرپاک و ہند میں ہندی / ہندوی اور ریختہ کے نام سے سفر کرنے والی زبان شاہ جہان کے دور میں اردو تک آ پہنچی اور دیکھتے ہی دیکھتے اردوادب میں بے شمار شعراء ابھرے اور اردو شاعری نے اپنے قدم جما لیے۔ شاعری کو باذوق اور پر اثر بنانے کے لیے مختلف شعری اصناف سے متعارف کروایا گیا ہے جن میں قصیدہ، ریختی، مثنوی، قطعہ، رباعی، غزل وغیرہ شامل ہیں۔ شاعری کو با معنی بنا کر عروج تک پہنچانے کے لیے اصناف شعر نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔اس کورس کا مقصد طلباء کو اصناف شعر کے بارےمیں آگاہی دینا ہے تاکہ وہ شاعری کے بنیادی اصولوں کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ شعری اصناف بلحاظ موضوع اور شعری اصناف بلحاظ ہیت کےفرق کو بآسانی جان سکیں ۔

مقاصد:

1- اردو کی معروف شعری اصناف سے شناسائی پیدا کرنا
2- اصناف کی تاریخ اور اہم شعرا سے متعارف کروانا
3- شعری متن کی تفہیم، تشریح اور تجزیے کے قابل بنانا

تفصیل کورس

1- حمد نعت منقبت مناجات سلام
2- مسمط(مثلث، مربع، مخمس، مسدس، مسبع، مثمن، معشر)، ترکیب بند ترجیع بند
3- مثنوی رباعی قطعہ قصیدہ مرثیہ گیت
4- غزل نظمِ معریٰ نظمِ آزاد نثری نظم پابند نظم
5- ترویٰنی ہائیکو ترائیلے سانیٹ کینٹو

مجوزہ کتب:

ابو محمد سحر۔ اردو میں قصیدہ نگاری۔ دہلی: تخلیق کار پبلی کیشنز، ۲۰۱۰ء
خواجہ محمد اکرام الدین ۔ اردو کی شعری اصناف۔ نئی دہلی: براون بک پبلی کیشنز، ۲۰۱۸
رفیع الدین ہاشمی، اصنافِ ادب۔ لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۲۰۰۸ء
شمیم احمد۔ اصناف سخن اور شعری ہیئتیں۔بھوپال: انڈیا بک ایمپوریم، ۱۹۸۱ ء
شیویہ ترپاٹھی، ڈاکٹر۔ اردو کی شعری اصناف۔ دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوس، ۲۰۱۹
صفی مرتضیٰ، سید۔ اصناف ادب کا ارتقا۔ لکھنؤ: نسیم بک ڈپو، س ن
عبادت بریلوی، ڈاکٹر۔ غزل اور مطالعہ غزل۔ کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان، ۱۹۵۵ء
عنوان چشتی۔ اردو شاعری میں ہیئت کے تجربے۔دہلی: انجمن ترقی اردو ہند، ۱۹۷۵ ء
فرمان فتح پوری، اردو شاعری کا فنی ارتقا۔ لاہور: الوقار پبلی کیشنز، ۲۰۱۲ء
گیان چند جین۔ ادبی اصناف۔ گجرات: اردو ساہتیہ اکادمی، ۱۹۸۹ء
گیان چند جین۔ اردو مثنوی شمالی ہند میں۔ نئی دہلی: انجمن ترقی اردو ہند،۱۹۸۷ء
مسیح الزمان، ڈاکٹر۔ اردو مرثیے کا ارتقا: ابتدا سے انیس تک۔لکھنؤ: کتاب نگر، ۱۹۶۸ء
یٰسین آفاقی۔ جدید اردو نظم میں ہیئت کے تجربے۔ لاہور: مجلسِ ترقی ادب، ۲۰۱۹ ء